© rasailojaraid.com

ابو عمار زاہد الراشدی

# ورلڈ اسلامک فورم

## مقاصد، پروگرام اور طریق عمل

### مقاصد

ورلڈ اسلامک فورم ایک نظریاتی اور فکری فورم ہے جس کا قیام درج ذیل مقاصد کے لیے عمل میں لایا گیا ہے اور لندن میں فورم کا ہیڈ کوارٹر قائم کر کے جولائی ۹۳ء کے دوران اس کی عملی سر گرمیوں کا آغاز کیا جا رہا ہے انشاء اللہ العزیز

(۱)- اسلامی نظام اور دینی بیداری کی تحریکات کے بارے میں مغربی میڈیا کے منفی پراپیگنڈہ کا جائزہ اور سائنٹفک بنیادوں پر اس کے جواب کا اہتمام۔

(۲)- دنیا بھر میں دینی بیداری کی مسلم تحریکات کے درمیان رابطہ و مشاورت کی فضا قائم کرنا۔

(۳)- مغربی ممالک میں مقیم مسلمانوں بالخصوص نئی پود کی دینی ضروریات کے مطابق لٹریچر کی اشاعت اور خط و کتابت کورسز کا اجراء۔

(۴)- انسانی اجتماعیت کے جدید تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے قرآن و سنت اور خلافت راشدہ کی بنیاد پر عالمی سطح پر اسلام کے عادلانہ نظام کا تعارف۔

### فکری بنیاد

ورلڈ اسلامک فورم کے ارکان تاسیسی اہل السنت والجماعت سے تعلق رکھتے ہیں اور فکری و نظریاتی امور میں امام ولی اللہ دھلوی کی تعلیمات و افکار کے پیروکار ہیں۔

ورلڈ اسلامک فورم اہل سنت سے تعلق رکھنے والے تمام فقہی مذاہب کا احترام کرتا ہے اور ہر مسلمان ملک میں وہاں کے باشندوں کی اکثریت کے فقہی مذہب کو نفاذ اسلام کی بنیاد تسلیم کرتا ہے۔

فورم ائمہ اربعہ امام اعظم ابوحنیفہ، امام شافعی، امام مالک اور امام احمد بن حنبل رحمھم اللہ کے قائم کردہ اصول اجتہاد کے دائرہ میں رہتے ہوئے دور حاضر میں اجتہاد کی ضرورت و اہمیت کا قائل ہے اور اس سلسلہ میں ہر جائز پیش رفت کی حوصلہ افزائی کرے گا۔

ورلڈ اسلامک فورم اسلام کی تبلیغ و اشاعت اور اسلامی نظام کے نفاذ و ترویج کے لئے پر امن جدوجہد پر یقین رکھتا ہے اور تشدد و جارحیت کے ہراس طریقے کی نفی کرتا ہے جس کا نتیجہ دینی تحریکات کے نقصان اور کارکنوں کے ضیاع کی صورت میں سامنے آئے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## پروگرام

ورلڈ اسلامک فورم کے زیر اہتمام ۱۸ جولائی ۹۳ء کو لندن یونیورسٹی کے لوگن ہال میں فورم کے مقاصد کے حوالہ سے ایک بین الاقوامی سیمینار منعقد ہو رہا ہے جس میں عالم اسلام کی ممتاز علمی شخصیات اور برطانیہ کے مختلف حصوں سے مسلم دانش ور شریک ہوں گے اور اس سیمینار کے ساتھ ہی فورم کی عملی سرگرمیوں کا آغاز ہو جائے گا اس موقع پر لندن میں ورلڈ اسلامک فورم کے ہیڈ آفس کا افتتاح بھی ہو گا جس کا ایک سب آفس گوجرانوالہ میں بھی قائم کیا جائے گا۔

گوجرانوالہ میں ورلڈ اسلامک فورم کی ماہانہ فکری نشست کا آغاز ۲۹ - اپریل ۹۳ء سے اور لندن میں جون کے وسط سے کیا جارہا ہے ان فکری نشستوں میں عالم اسلام کے مسائل کا جائزہ لیا جائے گا اور مختلف مکاتب فکر کے سرکردہ علماء کرام اور دانش وروں سے استفادہ کا اہتمام کیا جائے گا۔

ماہنامہ الشریعہ گوجرانوالہ کو ورلڈ اسلامک فورم کے باضابطہ ترجمان کی حیثیت دے دی گئی ہے جو اردو اور انگلش دونوں زبانوں میں شائع ہوتا رہے گا اور لندن میں فورم کے ہیڈ آفس سے بھی حاصل کیا جا سکے گا۔

انگریزی زبان میں بنیادی دینی معلومات پر مشتمل خط و کتابت کورسز اور آڈیو کورسز کے پروگرام کا اعلان ۱۸ جولائی کے سیمینار کے موقع پر کر دیا جائے گا۔

## تنظیمی ڈھانچہ

شیخ الحدیث مولانا محمد سرفراز خان صفدر آف گوجرانوالہ اور مولانا مفتی عبدالباقی آف لندن ورلڈ اسلامک فورم کے سرپرست ہیں۔

مولانا زاہد الراشدی خطیب مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ پاکستان ورلڈ اسلامک فورم کے چیئرمین، مولانا محمد عیسیٰ منصوری آف وائٹ چیپل لندن سیکرٹری جنرل اور الحاج غلام قادر آف لپٹن سٹون لندن خزانچی ہوں گے جبکہ ان کے ساتھ رانا محمد الطاف آف لندن، جناب انور شریف آف لندن، حاجی محمد اسلم آف ساؤتھال، مولانا کلام احمد آف لندن، الحاج عبدالرحمٰن باوا آف لندن، مولانا منظور احمد الحسینی آف لندن، حافظ سید سعید احمد شاہ آف ٹورنٹو، حاجی ولی آدم پٹیل آف لندن اور مولانا فاروق سلطان آف کوپن ہیگن مرکزی کونسل کے ارکان ہیں۔

جولائی ۹۳ء کے دوران لندن میں مرکزی کونسل کا باضابطہ اجلاس ہو گا جس میں تنظیمی ڈھانچے کی توسیع اور تشکیل نو کے ساتھ ساتھ اس کے دستور کی منظوری دی جائے گی۔

مستقل ہیڈ آفس کے قیام تک ختم نبوت سنٹر ۳۵ سٹاک ویل گرین لندن ایس۔ ڈبلیو۔ نائن ورلڈ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اسلامک فورم کا رابطہ آفس ہو گا۔

## مالیاتی پالیسی

ورلڈ اسلامک فورم کسی مسلم حکومت کی لابی سے وابستہ نہیں ہو گا اور نہ ہی کسی حکومت یا ادارہ کی مشروط امداد قبول کرے گا۔

فورم کے اخراجات کے لیے فورم کے مقاصد اور پروگرام سے اتفاق رکھنے والے حضرات کی ممبر شپ کی جائے گی اور ان کے تعاون سے فورم کے اخراجات پورے کیے جائیں گے۔

ممبر شپ کے لیے یورپی ممالک میں تیس برطانوی پونڈ سالانہ' امریکی ممالک میں پچاس امریکی ڈالر سالانہ' مشرق وسطیٰ میں دو سو سعودی ریال سالانہ اور پاکستان' بھارت اور بنگلہ دیش میں ایک ہزار پاکستانی روپے سالانہ فیس وصول کی جائے گی۔

فورم کے ممبران کو ممبر شپ کی اسی فیس میں ماہانہ آرگن' خط و کتابت کورسز اور آڈیو کورسز مہیا کیے جائیں گے۔

اگر آنجناب اس پروگرام سے متفق ہیں اور اسے ملت اسلامیہ کے لیے مفید خیال کرتے ہیں تو فورم میں باضابطہ شامل ہوں اور دامے' قدمے' سخنے شریک ہو کر جدوجہد کو آگے بڑھانے میں بھرپور کردار ادا کریں۔


ورلڈ اسلامک فورم کے زیر اہتمام مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ میں

**ماہانہ فکری نشست (۲)**

موضوع: "عالم اسلام کی دینی تحریکات پر ایک نظر"

مقرر: مولانا زاہد الراشدی

۶ مئی ۱۹۹۳ء - بروز جمعرات - بعد از نماز ظہر

صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لئے




© rasailojaraid.com